RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۳ روز دوشنبہ تاریخ ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۹ شعبان سنہ ۱۳۰۷ھ جلد ۲

نام مضمون

فہرست مضامین

نمبر	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	احکام ریونیو ممبر کونسل	۱ و ۲
۲	روبکار اجلاس صاحب والا شان پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۳	روبکار اجلاس صاحب والا شان پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲ و ۳
۴	روبکار اجلاس صاحب والا شان پریزیڈنٹ بہادر [illegible] واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۵	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۶	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۸ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۵
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۵
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۵
۹	روئداد جلسہ کمیٹی تحصیل شاہ آباد منعقدہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۶ و ۷
۱۰	تشریحات و مہمات	۸
۱۱	نرخنامہ اجناس	۸
۱۲	اشتہار فروخت کتب ساده موجوده مطبع سرکاری	۸

احکام ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

۲۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - [illegible] محرر [illegible] خانہ [illegible] کا ایک روپیہ ماہوار اضافہ ہوا

تقرر

۲۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - شیخ عبد الغنی کا تقرر بمشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار بعہدہ [illegible] مطابق [illegible] بجای [illegible] مستقل [illegible] بطور قائم مقام [illegible]

رخصت

۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - رام غلام گرداور تعلقہ [illegible] کی تین مہینہ کی رخصت بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء - محمد حسن [illegible] خان منصرم تحصیل [illegible] کی تین مہینے کی رخصت منظور ہوئی اور محمد ابراہیم خان بجای

...رکٹ بسر رہا

احسن اللہ خان مقرر ہوئی ہے اختیارات احسن اللہ خان کو حاصل ہے وہی محمد ابراہیم خان کو حاصل ہونگے۔ اور وہی تنخواہ ملیگی۔ تاکہ اس عہدہ پر آزمایش کیجاوے۔ اور گرداوری کا کام صاحبزادہ سعادت یار خان انجام دینگے۔

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدینخان صاحب بہادر

واٹس پریزیڈنٹ ریاست مورخہ ۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۱ء

ولکٹسا پارک اور نیز شہر میں جو جدید سڑکیں نکالی گئی ہیں انکی نسبت پیشتر اعلان کر دیا گیا ہے کہ بوجہ بیل گاڑیاں انپر نہ چلیں اور نیز انپر سڑک کو تختیاں آویزان کر دی گئی ہیں مگر اس کارروائی کا ابتک کوئی اثر نہیں ہوا برابر بیل اور بھینسوں کی گاڑیاں بوجہ لدے ہوئے انپر چلتی ہیں اور سڑکیں خراب ہوتی ہیں۔ فقط

حکم ہوا کہ

معرفت کوتوال شہر اطلاع اسامر کی بضرب دہل منادی کرا دیجاوے کہ ولکٹسا پارک کی سڑک اور نیز جدید سڑکون پر بیل اور بھینسوں کی لدی ہوئی گاڑی چلنے کی ممانعت ہے اور نیز جن سڑکون پر کہ چار بجے شام سے صبح کیوقت چھکڑے اور بہری گاڑیون کی ممانعت ہے معینہ وقت کے اندر گاڑیاں بوجہ کی نہ چلیں ورنہ گاڑی والو نیز دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند کا الزام لگایا جاویگا اور ملازمان سڑک اور باغات اور پولیس ایسے اشخاص کی گرفتاری کے مجاز ہونگے ملازمان باغات یا سڑک کے معرفت اگر ایسے اشخاص گرفتار ہونگے تو وہ گارد معینہ دروازہ کے سپرد کر دینگے اور ملازمان گارد شخص گرفتار شدہ کو پولیس کے حوالہ کر دینگے یا پہونچا دینگے۔ اور ایسے اشخاص کی نسبت مجسٹریٹ فوجداری یا تحصیلدار حضور جنکے یہان مقدمہ جاوے ان

کیا جاوے یا تجویز شدہ عہدہ اجرا حسب حیثیت مجوزہ کریگے۔ ایک نقل اس روبکار کی بغرض اطلاع درج گزٹ کیجاوے اور ایک نقل خدمت میں صاحب چیف انجینیر صاحب کے بھیجی جاوے اور احکام ضابطہ جاری ہوں۔

بتخط صاحب ...

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدینخان صاحب بہادر

واٹس پریزیڈنٹ ریاست مورخہ ۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۱ء

بنظر دریافت حالات دیہات مناسب معلوم ہوا کہ ایک نقشہ ہر تحصیل میں ایسا رہنا چاہیے جو ہر ایک موضع کی مفصل کیفیت حالات کو بتلا سکے بمقام بلاسپور میں نے ایک نمونہ بشمالی رجسٹر کا تجویز کیا۔ میرے خیال میں اگر اس نمونہ کی خانہ پوری ٹھیک ہو جاوے تو بہت فائدہ اس سے حاصل ہوگا۔ تحصیل نجات سے گو اسکی خانہ پوری میں بہت اعانت ملیگی لیکن بہتر تو یہ ہے کہ گرداور قانونگو ہنگام گرداوری ان مراتب کو موقع پر تصدیق کریں اور خانہ پوری کر دیں جو باتیں خاص طور پر کاغذ سے مدد لے سکتے ہوں انمیں مضائقہ نہیں ہے۔ صاحب ریونیو ممبر بہادر اگر اسکو پسند فرمائیں اور اتفاق فرمائیں تو یہ نمونہ درج گزٹ کر دیا جائے اور ہر ایک تحصیلدار کو اسکی تیاری کے باعث ذمہ دار کیا جائے گرداور قانونگو اسکی تکمیل و ترتیب کے ذمہ دار ہوں۔

حکم ہوا کہ

نقشہ نمونہ پیشانی فی ذریعہ روبکار ہذا خدمت میں

صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کے مرسل ہو۔

دستخط صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بہادر

ازانجا کہ صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر بتاریخ ۲۵ مارچ سنہ [illegible]ء
حکم دیا ہے صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بہادر سے اتفاق کر کر
نمونہ نقشہ میں ترمیم ضروری کر دی گئی ہے۔
ایسے نقشے سب تحصیلات میں جلد تیار ہونا چاہیے۔

حکم ہوا کہ

نمونہ نقشہ مع نقل کا تذکرہ سب تحصیلداروں کے
پاس بھیجا جائے۔ کہ بعد ازیں بنام ایسے نقشے
گاؤں کے موقع پر دریافت کر کے تیار کریں۔ کاغذی
بنانا کچھ ضروری نہیں ہے۔ تقسیم کام کی یوں مناسب
ہے۔ فیصدی (۱۰) موضع خود تحصیلدار دیکھیں
اور (۲۵) فیصدی نائب تحصیلدار اور (۵۰)
فیصدی گرداور قانونگو اور (۵) فیصدی
رجسٹرار قانونگو بنائیں۔ اور ہر تحصیل سے
(۵) فیصدی صدر قانونگو دیہات کو دیکھ کر
یہ نقشے بنائیں۔ اور دریافت موقع پر بقدر امکان
تحقیق اکتفا کیا جائے جو امور موقع پر حل نہ ہوں
وہ آخر میں کاغذات سے تکمیل ہو جائیگی۔
ایک نقل مع نمونہ نقشہ صدر قانونگو کو مرسل ہو
کہ وہ اس نقشے کی تکمیل حسب تصریح حکم بلا عذر کرا دیں
کسی شخص کی طرف سے ذرا بھی اگر اس نقشہ کی ترتیب
میں پہلو تہی ہوگی۔ تو دونوں کا عہدہ قائم نہ رہیگا

۲۵ مارچ سنہ [illegible]ء

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس جنرل محمد عظیم الدین خانصاحب بہادر اسسٹنٹ پریذیڈنٹ ریاست رامپور انچارج نواب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۲۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

ڈاکٹر سید عبد اللہ ڈاکٹر و صاحبزادہ سعادت یار خان سکریٹری میونسپلٹی حاضر اجلاس تھے اونکے بیان سے معلوم ہوا کہ ان مویشیان کی بابت جو مسلخ میں بعد داغ دہی ذبح ہوتے ہیں کوئی قاعدہ معین نہیں ہے لہذا حسب ذیل انتظام ہونا چاہیے۔

۱- سکریٹری میونسپل بورڈ کو کم سے کم ہفتہ میں دو مرتبہ مسلخ کو بنا بر نگرانی جانا چاہیے۔

۲- کوتوال یا نائب ہفتہ میں ایک مرتبہ جاوے۔

۳- گرداور صفائی اور نائب گرداور کو کم سے کم ہفتہ میں دو مرتبہ جانا چاہیے

۴- چھ بجے صبح سے ڈاکٹر سید عبد اللہ مسلخ پر پہونچیں اور سات بجے وہاں سے بعد داغ لگوانے قصابان کے رخصت ہو جائیں۔

۵- مویشی چھ بجے سے قبل وہاں پہونچیں اور سات بجے اگر قصابان وہاں پہونچیں تو اوس روز داغ لگانا اور ذبح ہونا اونکا ملتوی کیا جاوے۔

۶- اگر کسی مویشی میں بیماری نکلے تو وہ رجسٹر کے خانہ کیفیت میں لکھدیا جاوے

۷- محرر کوتوالی جو وقت نشان لگتا ہے ایک رجسٹر [illegible]

تاریخ	مویشی جو ہر جگہ داغ لگایا گیا	جو واپس ہوئیں	کیفیت

۸- افسر معائنہ کنندہ کے دستخط اس کتاب میں درج ہوا کریں بوقت معاینہ۔

۹- داغ جو لگایا جاتا ہے صرف ایک عضو پر یعنی پٹھہ جانب راست پر لگایا جاوے۔

۱۰- جو مویشی ناپسند ہو کر واپس ہوں اونکے دو داغ لگائے جائیں یعنی پیشانی۔

۱۱- داغ ڈاکٹر سید عبد اللہ کے پاس رہنا چاہیے وہ اپنے ساتھ لائیں اور واپس ہی لیجائیں اور کبھی ضرورت کے وجہہ سے کسی روز اگر سید عبد اللہ کا جانا ملتوی ہو تو داغ اونکے قائم مقام یا گرداور صفائی یا سکریٹری بورڈ کے سپرد کر دیا کریں تاکہ اجرائے کار میں ہرج واقع نہو۔

ایک نقل اس روبکار کی بغرض اندراج گزٹ واسطے اطلاع و تعمیل جملہ اہلکاران متعلقہ مرسل کیجاوے۔

دستخط صاحب والس پریذیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس سید علی حسن خانصاحب بہادر ریونیو ممبر کونسل تحقیقی ریاست رامپور

واقع ۲۳ مارچ سنہ

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

جملہ تحصیلداران کو بذریعہ پروانہ اطلاع دیجاوے کہ جب کوئی مقدمہ متنازعہ سرحد کا دائر ہو یا اوسکی نسبت مسٹر ایمارٹ صاحب بہادر کی طرف سے کوئی تحریر اونکے پاس پہونچے اوسکا فیصلہ جلد ہونا چاہیے۔ روبکار ھذا درج گزٹ ہو۔

شرح دستخط

سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقع تاریخ ۲۵ - مارچ سنہ ۹۰ء

کاغذات معافیات سے جو دفتر منہائی میں جمع سالانہ اراضی درآمدہ کار سرکار کے پیش ہوتے ہیں اون میں اکثر روپیہ کے ساتھ آنہ و پائی بھی ہوتے ہیں اور منہائی جمع سالانہ معہ آنہ و پائی کے ہوتے ہیں بیفائدہ طوالت اور ابتری حسابات کی معلوم ہوتی ہے۔ ہماری رائے میں مناسب ہے کہ رقوم کم از پچاس روپیہ میں روپیہ اور آنہ رہیں پائی ترک کیجاویں اگر پائی چھ سے کم ہیں تو چھوڑ دیجاویں اور اگر چھ سے زیادہ ہیں تو ایک آنہ مان لیا جاوے اور رقوم زائد از پچاس روپیہ میں صرف روپیہ منہا ہونا چاہیے آنہ و پائی دونوں خارج کیجاویں اسطرح پر کہ چھ پائی کم چھوڑ دیجاویں اور چھ پائی سے زیادہ مان لیا جاوے اور اسیطرح آٹھ آنہ سے کم چھوڑ دیجاویں اور آٹھ آنہ سے زیادہ روپیہ مان کر منہا کر دیجاوے۔ لہذا حکم ہوا کہ سررشتہ دار صدر اہلکاران متعلق کو اطلاع دیجاوے کر الیں۔ اور روبکار درج گزٹ ہو

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقع تاریخ ۲۵ - مارچ سنہ ۹۰ء

معلوم ہوا کہ تنخواہ پٹواریان جو ماہوار تحصیلات کو جاتی ہے اوسکی تقسیم میں پوری توجہ منجانب تحصیلداران و قانونگویان نہیں کیجاتی اسوجہ سے رقوم کثیر بوجہ عدم تقسیم واپس ہوتے ہیں اور پھر اوسکی واپسی کیواسطے علیحدہ علیحدہ مقدمات مرتب کئے جاتے ہیں بہت طوالت بیفائدہ ہوتی ہے اسکا انسداد ضرور ہے ہمارا منشاء ہے کہ تحصیلداران و قانونگویان تقسیم تنخواہ پٹواریان میں پوری توجہ کریں اور جہانتک ممکن ہو اسامر کی کوشش کریں کہ تنخواہ ہر پٹواری کو ماہواری ضرور پہنچ جاوے اگر کوئی پٹواری تاریخ معینہ پر حاضر ہوکر تنخواہ لینے میں کوتاہی کرے تو تحصیلدار مذکور طلبانہ کا بھیجکر پٹواری کو طلب کریں اور اوسکی تنخواہ دیدیں بہرحال ایسی کوشش کیجاوے کہ بلا وجہ معقول فوتی وغیرہ کی تنخواہ باقی از تقسیم نرہے اگر آئندہ ہم کسی تحصیل کی تنخواہ واپسی میں زیادہ دیکھینگے تو یہی خیال ہوگا کہ تحصیلدار و قانونگویوں نے بصرف توجہ نہیں کی ہوگی اور یہ سبب ہماری ناخوشی کا ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ

بر سبیل نقل روبکار ہذا بنام تحصیلداران کے بھیجا جاوے کہ آئندہ تقسیم تنخواہ پٹواریان میں پوری توجہ کریں اور قانونگویوں کو بھی حکم کی اطلاع دیکر رپورٹ تعمیل بھیجدیں روبکار درج گزٹ بھی ہووے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقع تاریخ ۲۵ - مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ بعض عہدہ داران ریاست جو حسب ضرورت اپنی رخصت حاصل کرتے ہیں وہ مابین رخصت اپنی کے مکرر درخواست توسیع رخصت کی بھیجتے ہیں یہ طریقہ بالکل ناپسندیدہ ہے اور نامناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایک رخصت کے بعد دیگرے درخواست کیجاوے یہہ ممکن ہے کہ مستدعی رخصت اول اپنی ضرورت کا اندازہ کرے اور اوسی حساب سے اول ہی مرتبہ رخصت حاصل کرے لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض اطلاع عہدہ داران روبکار ہذا درج گزٹ کیا جاوے۔

مشرح دستخط

سید علی حسن

صفائی تحصیل شاہ آباد

قصبہ شاہ آباد میں جو کہ ایک عمدہ تحصیل ریاست کی ہے ترقی صفائی کی بابت ایک کمیٹی قائم ہوئی ہے اور اسکی روئداد آنے پر جناب صاحب ممبر ال مہام بہادر نے کمیٹی کی شکرگزاری فرمائی اور حکم دیا کہ جن دیہات میں صفائی عمدہ ہوگی وہاں کے مستاجر کو ایک تمغہ دربار میں بتقسیم جناب ممبر کونسل عطا ہوگا اور مجھے حکم دیا کہ یہ کارروائی گزٹ میں طبع کرا دی جاوے۔ اسلئے چھپی جاتی ہے۔

المشتہر
محمد ... مہتمم گزٹ

افتتاحی اسپیچ جناب محمد احمد سعید خانصاحب سکرٹری کمیٹی صفائی

ممبران کمیٹی۔ شکر ہے اوس خداوند تعالی کا کہ جسنے زمین اور آسمان اور ہم سب خلائق کو پیدا کیا۔ اور تعریف ہے رسول مقبول صلعم کو کہ جسکی روشنی سے تمام جہان روشن ہوگیا اور انکی آل اور اصحاب پر کہ جنکے نام قیامت تک دنیا میں باقی رہینگے۔

یہ عمدہ اور نئی باتیں اس ریاست میں ہوتی جاتی ہیں جن سے خلائق کو آرام ہو چنانچہ آج جو ہم سب جمع ہوئے وہ بھی ایک ترکیب کا سوال ہے یعنی اس علاقہ اور قصبہ کی صفائی کی کمیٹی قائم ہوئی اور ہمیشہ ایک جلسہ ہوا کریگا آپ سب صاحبوں کو متوجہ ہونا ہوگا کہ جو جو تدبیریں یہاں صفائی کے بارہ میں ہوں وہ آپ بیان کریں اور سب صاحب مل کر اپنے ہاتھوں سے انجام حاصل کریں اس صفائی پر تمام محال اور خاصکر قصبہ کی تندرستی کا دارمدار ہے جہاں صفائی عمدہ رہتی ہے وہاں بیماری کا نام و نشان بھی نہیں رہتا اور خاصکر وبائی مرضوں کا اثر بہت کم ہوگا چونکہ ہماری گورنمنٹ نے بھی عمدہ تدبیریں ایجاد کرلی ہیں اور ہمارے تحصیلدار صاحب بھی اسکو قائم کرنے کی بڑی کوشش کرتے ہیں جسکو منظور ہے ممبران کونسل اور ... صاحب اور تحصیلدار صاحب کا بہت شکر ادا کرتا ہوں۔

العبد
محمد احمد سعید سکرٹری کمیٹی

روئداد کمیٹی منعقدہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۰۶ء واقع تحصیل شاہ آباد

۱۴۔ مارچ سنہ ۱۹۰۶ء روز جمعہ ۸ بجے صبح کے جلسہ کمیٹی منعقد ہوا۔ اگرچہ پیشتر جلسہ ممبران کو بذریعہ یادداشت اطلاع دیگئی تھی لیکن محمد امیر علی خانصاحب ممبر بوجہ عدم موجودگی قصبہ شریک جلسہ نہوے۔ ممبران ذیل شریک کمیٹی تھے۔

ممبران ملازم ریاست	ممبران غیر ملازم
تحصیلدار صاحب شاہ آباد صدر نشین کمیٹی	محمد مبارک علیخان صاحب ممبر
محمد احمد سعید خانصاحب سکرٹری کمیٹی	لالہ خیالی رام صاحب ممبر
حکیم گنگا پرشاد صاحب ممبر	چندا خان صاحب ممبر سید مصطفی علی ممبر
محمد اظہر محرر صفائی حاضر جلسہ	چوبے پرمانند صاحب ممبر

اول یہ کہ صفائی بازار ضروری ہے عام اشخاص بازار کے نالی وغیرہ میں پیشاب کرنے کو اس لئے بیٹھ جاتے ہیں کہ جس تعفن سے احتمال ترقی مرض کا ہے بعد بحث اور غور کمیٹی سے یہ تجویز ہوئی کہ فی الحال چار گڑھے بازار سے علیحدہ واسطے پیشاب کرنے خلائق کے کھدوا دیے جاویں اور ان گڑھوں کی صفائی کا تعلق خاکروبان صفائی سے ہے محرر صفائی نے گڑھوں کی جگہیں حسب ذیل تجویز کی۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔ جانب مشرق متصل کہاڑی محمد میاں خان۔ جانب غرب متصل دکان خوشحالی کلال۔ جانب شمال متصل مکان رنگریز عقب سرا جانب جنوب متصل مکان لالہ ... کو زیر ... کہ شام ...

دوئم یہ کہ اکثر کوڑہ گلی میں پڑے رہتے ہیں اور رعایا مکانات کے نیچے گھورہ وغیرہ پڑے ہوئے ہیں خاکروبان صفائی کی جانب سے